RAMPUR GAZETTE

رامپور گزٹ

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۱۷ | روز دوشنبہ تاریخ ۲۸ - اپریل ۱۸۹۰ء مطابق ۸ - رمضان المبارک ۱۳۰۷ھ | جلد ۲

حکم اجلاس کامل کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

واقع ۱۵ اپریل ۱۸۹۰ء حاجی ریاض الدین انسپکٹر مدارس ریاست کا غذات رخصت وغیرہ مع روبکار مفصل مسٹر فلپ صاحب ناظم سررشتہ تعلیم ریاست آج اجلاس کامل میں پیش ہو کر حاجی ریاض الدین کی نسبت معلوم ہوا کہ انہوں نے مفوضہ خدمات کو ذرا بھی اطمینان کے قابل ادا نہ کیا اور بعض مفوضہ احکام کو اپنی غفلت و کاہلی اور عدم توجہی سے [illegible] کیا اور بعض نا قابل اشخاص کو مدرس مقرر کرایا جو ہرگز مدرسی کے قابل نہ تھے اور [illegible] سے جو رکھے گئے تھے بہت کم کیا اور [illegible] کیا اور بعض کتب خلاف منشاء کے خرید کیں کہ جو [illegible] ریاست کے [illegible] اور [illegible] کیا کم قیمت کی کتابیں زیادہ قیمت کو ریاست میں

نام مضمون

نمبر شمار	فہرست مضامین	نمبر صفحہ
۱	حکم اجلاس کامل کونسل آف ریجنسی	۱ و ۲
۲	احکام جوڈیشل ممبر کونسل	۲
۳	احکام ریونیو ممبر کونسل	۲
۴	روبکار اجلاس نواب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۱۷ - اپریل ۱۸۹۰ء	۲ و ۳
۵	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۱۷ - اپریل ۱۸۹۰ء	۳
۶	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۱ - اپریل ۱۸۹۰ء	۳
۷	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۲ - اپریل ۱۸۹۰ء	۳ و ۴
۸	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۲ - اپریل ۱۸۹۰ء	۴
۹	روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۲۲ - اپریل ۱۸۹۰ء	۴ و ۵
۱۰	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۳ - اپریل ۱۸۹۰ء	۵
۱۱	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۳ - اپریل ۱۸۹۰ء	۵
۱۲	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۳ - اپریل ۱۸۹۰ء	۶
۱۳	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۳ - اپریل ۱۸۹۰ء	۶
۱۴	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۴ - اپریل ۱۸۹۰ء	۶
۱۵	اعلان منجانب سررشتہ [illegible]	۷
۱۶	نقشہ حیات و ممات	۷
۱۷	نرخ بازار	۸
۱۸	اشتہار فروخت کتب سادہ موجودہ مطبع سرکاری	۸

داخل کمرہ جس جگہ ادکی ہوئی بند یا تھی وہ صحیح ہے باوجود اس کے اپنے تصنیف
کتب بعض اشخاص کو قیمت اور انہیں کی بڑی تعداد کے ساتھ بیچتا تھے
کی انسداد تجویز ہوئی کہ حاجی ریاض الدین احمد عہدہ دار اسسٹنٹ انسپکٹری مدارس
موقوف کیے جاویں احکام ضابطہ جاری ہوں اور اخبار و مدرسین کے
باطلاع دیگر حالات کی نوٹس دیا جاوے کہ اسٹیٹ اور اہل عمل کے
عہدہ دار انہیں ہو اگر کسی شخص سے انہوں نے سرشتہ تعلیم کے نام سے
کوئی تحریر کی ہو وہ سکا مطالبہ ان کی ذات سے ہو سکتا ہے حسب تجویز صاحب ممدوح
بھی منظور فرمایا بغرض اجرا احکام باجلاس صاحب جوڈیشل ممبر پیش ہو

دستخط [illegible] صاحب [illegible]	دستخط صاحب [illegible]
دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر	دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر

حسب منشاء تجویز کونسل حاجی ریاض الدین احمد عہدہ دار اسسٹنٹ انسپکٹری
مدارس موقوف کیے جاویں احکام ضابطہ جاری ہوں اور سرشتہ تعلیم
کو اطلاع دی جاوے کہ موافق اس تجویز کے اخبار مدرسین
میں نوٹس دیویں اور نیز بذریعہ اندراج گزٹ شائع کرا دیں
المرقوم ۲۳ اپریل ۱۸۹۰ء   دستخط نواب یار جنگ بہادر

احکام جوڈیشل ممبر کونسل

رخصت

۲۲ اپریل ۱۸۹۰ء - دیوان سنگھ سپرنٹنڈنٹ باغات کی ۲۱ اپریل ۱۸۹۰ء
ایکماہ کی رخصت بلا تنخواہ حسب رپورٹ صاحب [illegible]
منظور ہوئی۔

اضافہ

۲۳ اپریل ۱۸۹۰ء - منشی انعام اللہ ناظر عدالت دیوانی کا ۲۳ اپریل
۱۸۹۰ء سے دو روپیہ ماہوار کا اضافہ عمل میں آیا۔

تبدیلی

۲۲ اپریل ۱۸۹۰ء - منشی [illegible] صاحب ممبر ال بہادر مہتمم [illegible] کلیات
محررہ دیوانخانہ مقرر ہوا اور کریم بخش محرر دیوانخانہ اپنی جگہ پر بدستور
واپس آیا اور مولوی سراج الدین احمد خان جو بجائے کریم بخش کے محکمہ [illegible] مقرر ہو گئے تھے
برطرف ہوئے

احکام ریونیو ممبر کونسل

رخصت

۱۱ اپریل ۱۸۹۰ء - حافظ فضل محمد سرشتہ دار قانونگوئی کی ۲ اپریل ۱۸۹۰ء سے [illegible] یوم کی رخصت منظور ہوئی
۲۲ اپریل ۱۸۹۰ء - سید کرم احمد [illegible] کی ۲۲ اپریل ۱۸۹۰ء سے [illegible] یوم کی رخصت بعوض
رام نرائن منظور ہوئی ہے۔

تقرر

۲۳ اپریل ۱۸۹۰ء - مولوی سراج الدین احمد خان ۲۳ اپریل ۱۸۹۰ء سے محکمہ [illegible] میں
بجائے [illegible] ماہوار [illegible] کلیات [illegible] مقرر ہوئے

روبکار اجلاس نواب یار جنگ بہادر
جوڈیشل ممبر کونسل ریجنسی ریاست رامپور
واقع ۱۷ اپریل ۱۸۹۰ء

سپرنٹنڈنٹ پولیس جو نگران جیل بھی ہے بالفعل رخصت پر
گئے ہوئے ہیں لہٰذا عارضی طور پر کام نگرانی جیل کا
کچھ بندوبست کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے لہٰذا بالاتفاق
رائے صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

حکم ہوا کہ

بالفعل تا صحت و واپسی سپرنٹنڈنٹ سید علی حیدر صاحب سپرنٹنڈنٹ کارخانجات
علاوہ اپنی خاص کام کے نگران جیل بھی مقرر ہوں تمام خدمات
نگرانی متعلقہ جیل جو منشی تہور علی سپرنٹنڈنٹ پولیس
انجام دیتے تھے وہ سید علی حیدر صاحب کو انجام

دینا ہونگے اور سید علی حیدر صاحب کو
بیہ جو نصف اوس الاونس کا ہے جو سپرنٹنڈنٹ
پولیس کو بابت نگرانی جیل ملتی تہی بعوض اوس خدمت کے
بطور الاونس دیجاینگے احکام جاری ہوون اور روبکار
درج گزٹ کیا جاوے ۔ فقط

شرح دستخط نواب یار جنگ بہادر

روبکار اجلاس نواب نواب یار جنگ بہادر جوڈیشل ممبر کونسل ریاست رامپور واقع ۲۱ - اپریل سنہ ۱۸۹۰ء

چونکہ جیل میں چند ضروری کام تعمیرات قبل آغاز برسات
شروع و ختم کرنیکے ہیں لہذا منشی صادق حسین میونسپل انجینیر
واسطے نگرانی و مدد دہی اون کاموں کے مامور کیے جاتے ہیں
کار ہای مذکور جو شروع بالفاق رائے صاحب چیف انجینیر بہادر تجویز
ہوئے ہیں اونکی تفصیل منشی صادق حسین کو زبانی سمجہا دی
اور یہ بہی کہدیا گیا کہ اون کاموں کے بعض اجزا کا اندازہ صاحب
چیف انجینیر بہادر نے بذات خود اپنی تخمین کر رکہا ہے اور بعض کا بعد
حال کر بابلا جہہ تجویز ہوگیا ہے میونسپل انجینیر پہلے جیلر سے
ملاقات کر کے دریافت کر لیں کہ جو کام اونکے ذمہ کیے گئے ہیں
اونکو انجام کی کیا شکلیں ہیں اور کہانتک بندوبست اونکا
ہو چکا ہے اور بعدہ جو امور دریافت و ہدایت طلب از صاحب
چیف انجینیر بہادر ہوں اونسے معلوم کر کے اجرای کار بہت
تمام ہوویں کوشش بلیغ کیجاوے کیونکہ موسم برسات بہت
قریب آگیا اور یہ بہی خیال ہے کہ تحریری رپورٹوں بہیجنے کی ایسے
کاموں میں بہت کم ضرورت سمجہی جاوے وقتاً فوقتاً انتظام کی
زبانی اطلاعات کہ کون کام کہانتک انجام پایا اور کس کس
چیز کی ضرورت ہے کرتے رہنے کافی ہونگے ۔

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا تعمیلاً میونسپل انجینیر کو دیجاوے اور فہمائش ہو کہ
جیلر کو بہی یہہ نقل دکہادیں اور ایک نقل خدمت میں
صاحب چیف انجینیر بہادر کے مرسل ہو کہ میونسپل انجینیر کو ہدایات
ضروری فرمادینگے اور ایک نقل بنابر اندراج گزٹ کو مرسل ہو

شرح دستخط نواب یار جنگ

روبکار اجلاس نواب نواب یار جنگ بہادر جوڈیشل ممبر کونسل ریاست رامپور واقع ۲۲ - اپریل سنہ ۱۸۹۰ء

آخر اپریل سنہ ۱۸۹۰ء تک میعاد ٹہیکہ غلہ جیل خانہ و محتاج خانہ ختم ہوجائیگا
چونکہ سید علی حیدر سپرنٹنڈنٹ کارخانجات کا تعلق نگرانی جیل سے
ہو گیا ہے اور سوا اسکے انتظام دیگر کارخانجات سرکاری
بابت صرف غلہ اونہیں کے ذریعہ سے ہوا ہے غلہ جیلخانہ
و محتاج خانہ کے ٹہیکہ کا انتظام مثل گذشتہ معرفت سپرنٹنڈنٹ
کارخانجات بآسانی ہوجائیگا ۔ لہذا حکم ہوا کہ
یہہ جلد کاغذات پیش کرنے انچارج اسسٹنٹ ممبر بعدہ کا

جس سے معلوم ہو مستقل طور پر کام نہیں کر سکتے بالفاق رائے صاحب انسپکٹر پرنٹنڈنٹ بہادر حکم ہوا کہ
بشاہرہ ماہوار سید ناظر حسین قائم مقام کردہ ... بعد تین ماہ کے حسب سکرٹری صاحب میونسپل بورڈ

پاس سید علی حیدر سپرنٹنڈنٹ کارخانہ جات اہی مرادآباد کے مرسل ہوگا کہ انتظام ٹیکہ علاج جیل خانہ و محتاج خانہ شامل کردے بعینہ اکرا ورنکار خانجات کا ہوا ہے قبل اختتام میعاد [illegible] کرکے اطلاع دیں بہت عجلت ہے۔ بغرض اطلاع دہی خوشنودی ہٹیکہ یہہ روبکار درج گزٹ کیا جاوے — دستخط نواب یار جنگ بہادر

روبکار اجلاس نواب یار جنگ بہادر جوڈیشل ممبر کونسل تجویزی ریاست رامپور واقعہ ۲۲ اپریل سنہ ۱۹۰۰ء

بیرونی شفاخانجات یونانی کی گرداوری کا کام جس طرح حکیم حکمت الدین صاحب سے متعلق ہے ویسے ہی واسطے گرداوری ڈاکٹری شفاخانجات کے بلقب ڈاکٹر دورہ سید امداد علی کا گذشتہ سال سے تقرر ہوچکا ہے اور انہوں نے چند دورہ بیرونجات کا کام بھی کیا لیکن اب چند ماہ سے دورہ مسدود ہے چونکہ ان ایام میں امراض فصلی و وبائی کا شمول شہر رامپور و مفصلات میں بھی شیوع ہے اور بعض عہدہ داران مفصلات نے درخواستیں بطلب ادویہ انگریزی بھیجی ہیں لیکن محض ادویہ انگریزی کا عہدہ داران مفصلات کے پاس بھیجدینا خطرات سے ہے جب تک اہل فن کی تجویز سے مریضوں کو دوائیں نہیں دیجاویں۔ لہذا حکم ہوا کہ بابو ڈاکٹر صاحب کو لکھا جاوے کہ سید امداد علی بلا توقف دورہ مفصلات کو معہ ادویہ ضروری جو صدر شفاخانہ انگریزی سے لیں گے روانہ کئے جائیں ایک کہار بہنگی بردار ادویہ انہیں شامل [illegible] نوکر رکھنا چاہئے اور سواری کا بندوبست شامل سابق عمل ہے اور ڈاکٹر دورہ کا یہہ فرض ہوگا کہ علاوہ گرداوری ڈاکٹر خانجات بیرونی جو بہت قلیل ہیں جہاں جہاں قصبات و دیہات میں امراض کی شدت خود سنیں یا عہدہ داران مفصل اونہیں اطلاع دیں فوراً وہاں پہونچکر بعد معائنہ حالت مریضان ادویہ تقسیم کرتے ہیں اور نقشہ کارگذاری ہفتہ وار بنمونہ ذیل محکمہ صاحب جوڈیشل اسسٹنٹ ممبر میں روانہ کیا کریں —

نمونہ نقشہ دورہ ڈاکٹر دورہ

تاریخ	نام مقام روانگی	تعداد فاصلہ جو طے کیا گیا	نام مقام جہاں [illegible]	کیفیت معائنہ و معالجہ

روبکار ہذا درج گزٹ اسوجہ سے بھی کیا جاوے کہ تمام عہدہ داران مفصلات جو متعلق تحصیلات و تھانہ جات میں متعینان ہیں ڈاکٹر دورہ سے مطلع ہوکر اپنے علاقہ جات میں جہاں جہاں ضرورت معلوم ہو ڈاکٹر دورہ کو جہاں کہیں وہ ہوں براہ راست اطلاع دیا کریں۔ فقط دستخط نواب یار جنگ بہادر

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر کونسل تجویزی ریاست رامپور — واقعہ ۲۲ اپریل سنہ ۱۹۰۰ء

شہر داد صاحب جج کی زبانی معلوم ہوا کہ اکثر اہل کاران [illegible] ضروری کاغذات کو جو اوقات کچہری اونکے پاس بھیجے جاتے ہیں لینے سے انکار کردیتے ہیں اور اسوجہ سے تعمیل میں توقف واقع ہوتا ہے

۴۲

ہمہ امر نہایت نازیبا ہے کہ صرف پابندی وقت کے خیال سے ہرج کار گوارا کیا جاوے تعمیل احکام ضروری بہر حال مقدم ہے لہذا

حکم ہوا

جملہ اہلکاران و سررشتہ ہائے ماتحت کو اطلاع بھیجی جائے کہ جب کوئی کاغذ جسپر لفظ ضروری تحریر ہو سررشتہ دار صاحب صدر کے پاس سے یا ہمارے جلاس سے کسی اہلکار یا سررشتہ کے پاس بھیجا جاوے فوراً اوسکو لے لیا جاوے اور تعمیل کیجاوے اور بحالت تعویق موجب سخت بازپرس ہوگا روبکار ہذا درج گزٹ کیا جاوے فقط

شرح دستخط
سید علی حسن

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر و کونسل گورنمنٹ ریاست رامپور واقع تاریخ ۲۳ - ماہ اپریل سنہ ۱۹۰۹ء

عبارت فروخت جو اسٹامپ فروش کیطرف سے پشت کاغذ اسٹامپ پر لکھی جاتی ہے وہ ٹھیک نہیں ضروری امور نہیں لکھے جاتے چاہیئے کہ نام خریدار مع ولدیت و سکونت لکھا جاوے اور تاریخ فروخت جو بحساب ماہ انگریزی لکھی جاتی ہے اوسکے مطابق تاریخ ماہ ہندی سے بھی ہو یعنے ہندی مہینے کی تاریخ بھی درج کیجاوے

حکم ہوا کہ

دیوانی صدر ٹھیکہ دار اسٹامپ کو اپنے روبرو طلب کر کے منشائے حکم کو اچھی طرح سمجھا دیوین کہ موافق تصریح بالا آیندہ عبارت فروخت لکھا کرے روبکار ہذا گزٹ میں شائع ہو۔

شرح دستخط
سید علی حسن

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر و کونسل گورنمنٹ ریاست رامپور واقع ۲۳ - اپریل سنہ ۱۹۰۹ء

متعلقہ انتظام تودی

حسب منشاء روبکار تجویز کمیٹی منعقدہ ۱۵ اپریل سنہ ۹ء بموجب دفعہ (۱) پروانہ بنام تحصیلدار حضور تحصیل جاری ہوا تھا کہ تحصیلدار و نائب تحصیلدار و گرداور قانونگوی ذمہ دار تودہ دیہات حلقہ جات مفوضہ خود ہا میں کہ یکم مئی سنہ ۹ء سے پہلے تودہ بندی خام کی تکمیل کرالیں۔ چونکہ عہدہ داران تحصیل تھوڑے ہیں۔ لہذا مناسب متصور ہوا کہ تحصیلدار و نائب تحصیلدار و گرداور قانونگو سے و رجسٹرار قانونگو سے و محرر سررشتہ ی و جمعداران تحصیل ذمہ دار تودہ بندی حلقہ جات خود ہیں جو تحصیلدار انکو تفویض کرینگے۔

حکم ہوا کہ

بہ تعمیل پروانہ تحصیلدار حضور تحصیل کو حکم ہو اسکی اطلاع بھیجی جائے فوراً ان اہلکاران کے سپرد بیش بیش گاؤنکا حلقہ کر کے تکمیل تودہ بندی کی کرادیں۔ اور فہرست متعلق مواضع بابت ذمہ داری ان عہدہ داران کی طیار کراکے ملاحظہ کو بھیجدیں۔ گزٹ میں روبکار شائع ہو۔

شرح دستخط
سید علی حسن

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر کونسل تخفیفی ریاست رامپور واقع ۲۳ اپریل سنہ ۱۸۹۰ع

ہم چاہتے ہیں کہ تاریخ ۱۰ مئی سنہ ۱۸۹۰ع ایک مختصر نمائش جناب [illegible] پیداوار فصل ربیع منعقد کیجاوے اور اوس میں پیداوار اضلاع [illegible] ریونیو [illegible] کا ساتھ پیداوار علاقہ کے مقابلہ کیا جاوے [illegible]

حکم ہوا کہ

پروانہ بنام جملہ تحصیلداران جاری ہوں کہ اپنے اپنے پرگنہ کا پیداوار غلہ فصل ربیع مثل گندم جو نخود و دیگر اقسام غلہ جو اس فصل میں کاشت ہوتا ہے بقدر پانچ پانچ سیر فراہم کرکے چار روز قبل دسویں مئی کے یہاں بھیجدیں اور دسویں مئی کو خود بھی نمائش میں شریک ہوں اور ایک ہفتہ قبل از دسویں مئی یہ روبکار بلدہ متعلق پیش کرے تاکہ ہم مشورہ کرکر واسطے شرکت نمائش کی دعوت دیوین اور تحصیلدار صاحبان کو واضح ہو کہ قیمت ان اشیا کی معہ باربرداری سرکار سے دیجاوے گی لیکن فراہمی اشیا میں توجہ ذاتی درکار ہے یہ روبکار بیچ گزٹ کے درج ہو

شرح دستخط
سید علی حسن

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر کونسل تخفیفی ریاست رامپور واقع ۲۳ اپریل سنہ ۱۸۹۰ع

اکثر دیکھا جاتا ہے کہ جب کسی نئے اہلکار کا تقرر ہوتا ہے اور کسی جگہ تعیناتی کیجاتی ہے تو صدور حکم تقرر سے چار چار پانچ پانچ روز بعد وہ عہدہ دار اپنے کام پر جاتا ہے اور تنخواہ اوسکو یوم حکم تقرری سے دیجاتی ہے حالانکہ استحقاق تنخواہ کا اوس تاریخ سے ہونا چاہئے کہ جس تاریخ عہدہ دار چارج لیوے لیکن اس خصوص میں کوئی توجہ نہیں ہے اور اسوجہ سے کوئی عہدہ دار اپنے چارج لینے کی اطلاعی رپورٹ بھی نہیں کرتا ہے اور اسکی وجہ سے اکثر نقصانات طول کارروائی بھی پیدا ہیں یعنی بوقت طلب بر وقت حساب ضمانت میں پوری صحت نہیں ہوتی اکثر درخواستہای ایسی تنخواہ جو سیاہہ ہوگئی ہے پیش ہوتی ہیں لہذا انتظاماً اطلاع تجویز کیجاتی ہے کہ ہر عہدہ دار بہنگام تقرری کے کام پر پہنچکر چارج لینے کی اطلاع اپنے افسر متعلقہ کو دیا کرے تاکہ طیاری بر آورد میں مدد ملے ۔

حکم ہوا کہ

بغرض اطلاع عام عہدہ داران اہلکاران ریاست روبکار ہذا درج گزٹ ہووے ۔

شرح دستخط
سید علی حسن

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر کونسل تخفیفی ریاست رامپور واقع ۲۴ اپریل سنہ ۱۸۹۰ع

دریافت ہوا ہے کہ اکثر تحویلداران خزانہ تحصیلات تحصیلداران سے اجازت لیکر اپنے گھر کو چلے جاتے ہیں یہ امر ناپسندیدہ ہے چونکہ تحویلداران سے تعلق خزانہ کا ہے اسواسطے کسی تحویلدار کو بلا حصول اجازت ہمارے تحصیل سے باہر جانا نہیں چاہئے لہذا تحصیلداران بلا منظوری ہماری تحویلداران کو اجازت نہ دیا کریں —

حکم ہوا کہ — روبکار ہذا بغرض اطلاع عام درج گزٹ کیا جاوے ۔

شرح دستخط
سید علی حسن

اعلان

کاغذات صیغہ ہائے اسسٹنٹ جوڈیشل کی آمد و رفت
مین اون دنون مین کچھ خلط مبحث ہو گیا تحصیلات سے بعض
کاغذات جو براہ راست دفتر صاحب اسسٹنٹ جوڈیشل
مین آنا چاہیئے تھے اجلاس مین چلے گئے اور وہان سے
مختلف احکام کے ذریعے سے صدر کے اہلمدون اور
دیوانی مدرسے کے یہان گئے منظوری یادداشت صاحب الخارج
اسسٹنٹ صیغہ جوڈیشل اجلاس نواب جوڈیشل ممبر بہادر کے

یہ حکم ہو کہ سرشتہ دار صدر بغرض اعلان و اطلاع
عام انتہائے ماتحت درج گزٹ کرائین کہ تمام
محکمہ جات سرکاری بلحاظ اسکا رکھین کہ نقشے اور
رپورٹیں نیز سرکاری کاغذات سب براہ راست محکمہ
اسسٹنٹ جوڈیشل مین بھیجا کرین اس صورت
مین سرکاری کام بعجلت اور بخواہ ہو گا فقط

المشتہر
محمد احمد سرشتہ دار صدر

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۰ لغایت ۲۷ اپریل [illegible]

نام تحصیل	پیدائش: مرد: ہندو	پیدائش: مرد: مسلمان	پیدائش: عورت: ہندو	پیدائش: عورت: مسلمان	میزان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل فوت شدہ: ا و ۵: مرد	ا و ۵: عورت	۶ و ۱۲: مرد	۶ و ۱۲: عورت	۱۳ و زیادہ: مرد	۱۳ و زیادہ: عورت	پیران مرد و عورت: مرد	پیران مرد و عورت: عورت	تفصیل [illegible]: ہندو	تفصیل [illegible]: مسلمان	کیفیت
حضور	۱	۶	۴	۶	۱۷	۵	۱۲	۰	۵	۰	۰	۴	۲	۴	۸	۲	۱۰	
میلک	۲	۰	۴	۰	۶	۶	۰	۱	۰	۰	۰	۲	۱	۳	۱	۳	۱	
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	تحصیل سوار سے نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۲	۱	۰	۳	۷	۳	۴	۳	۱	۰	۰	۳	۰	۶	۱	۳	۴	
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	تحصیل بلاسپور سے نقشہ نہیں آیا
ٹانڈہ	۳	۶	۳	۱	۱۳	۶	۷	۲	۱	۰	۰	۲	۰	۳	۱	۲	۲	
میزان	۶	۱۲	۱۱	۱۰	۳۶	۲۰	۲۳	۵	۷	۰	۰	۱۰	۴	۱۵	۱۱	۱۰	۱۶	

رامپور گورنمنٹ گزٹ نمبر ۱

نقشہ نرخ نامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۰ لغایتہ ۲۶ اپریل سنہ ۹۰ء

نام جنس	شہر رامپور	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	تحصیل سوار سے نقشہ نرخ نہیں پہونچا
گندم	۱۳ ار	۱۴۰ ار	۱۵ ار	۰	۱۵ ار	۱۴۰ ار	
نخود خالص	۱۹۰ ار	۱۹ ار	۲۰ ار	۰	۱۲ ار	۲۰ ار	
نخود کشمیری	۱۴۱ ار	۲۰ ار	۲۱ ار	۰	۲۲۰ ار	۲۲ ار	
کسہ	۲۲ ار		۲۲ ار	۰	۰	۰	
ماش	۱۴ ار	۱۵ ار	۱۳ ار	۰	۱۵ ار	۱۴ ار	
مونگ	۱۴ ار	۱۴ ار	۱۴ ار	۰	۱۳ ار	۱۳ ار	
مکا		۰	۱۷ ار	۰	۲۱ ار	۲۲ ار	
جو	۴۲۰ ار	۲۶ ار	۲۲ ار	۰	۳۰ ار	۲۸ ار	
گوجی	۲۰ ار	۱۹ ار	۲۰ ار	۰	۲۰ ار	۲۰ ار	
عدس	۲۲ ار	۲۵ ار	۲۲ ار	۰	۵	۲۰ ار	
ارہر	۲۴ ار	۲۲ ار	۲۳ ار	۰	۰	۲۴ ار	
برنج	۱۱ ار	۱۱ ار	۱۱ ار	۰	۱۰ ار	۱۱ ار	
روغن زرد	۱و۰۰ ار	۱ ار	۱و ار	۰	۱و ار	۱و ار	
روغن سیاہ	۳ ار	۳ ار	۳ ار	۰	۲ ار	۳ ار	
روغن کنجد	۰۲ ار	۰۲ ار	۲ ار	۰	۲ ار	۰	
نمک سانبھر	۳۰ ار	۸ ار	۸ ار	۰	۸ ار	۸ ار	
نمک لاہوری	۲ ار	۶ ار	۶ ار	۰	۶ ار	۶ ار	
قند سیاہ	۰	۶ ار	۴ ار	۰	۰۶ ار		

اشتہار

اس مطبع میں نہایت مضبوط عمدہ فولس کیپ کی سادہ مجلد بغلی بہی کھاتے تجارت کے لائق حسب ذیل موجود ہیں اور قیمتا بھی بہت ارزاں چنانچہ اکثر دفاتر میں خریدی گئی ہیں جن دفاتر کو اسکی مطلوب ہوں جلد قیمت بھیجکر مطبع سے طلب فرمالیں۔

فی جلد ۳ دستہ ۶ | فی جلد ۲ دستہ ۵ | فی جلد ۴ دستہ ۱۴

مطبع سرکاری ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا